SL. No : FF

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 54 ]
Total No. of Questions : 54 ]

**CCE PF REVISED**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** | **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ/ New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Fresh)**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2018 ] [ Date : 04. 04. 2018

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-15 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: 100 ] [ Max. Marks : 100

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 54 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سر بمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک جملے** میں لکھئے : 12 × 1 = 12

1. ’معراج‘ کا مطلب کیا ہے ؟
2. لسانی تقسیم سے پہلے کلبر گی کس ریاست کا ضلع رہا ؟
3. ’معمارِ میسور‘ کے نام سے کون مشہور ہے ؟
4. ’ٹوکیو‘ کے ہوائی اڈّہ کا نام کیا ہے ؟
5. مولانا محمد علی جوہؔر کو وشا کھا پٹنم کے مقام پر کس الزام میں گرفتار کیا گیا ؟
6. مُلا نصیرالدین کو اپنا وعدہ کب یاد آیا ؟
7. لیفٹننٹ لارنس کے سامنے انتہائی نازک مسئلہ کونسا تھا ؟
8. کرشناراج ساگر بندھ کا سنگِ بنیاد کس نے رکھا ؟
9. مُلا نصیرالدین اپنے دوستوں کو کھانے پر کیوں لے گیا ؟
10. شاعر سید احمد شاکرؔ اپنے ہم وطنوں کو کیا پیغام دے رہے ہیں ؟
11. قلعہ حشام کس کی بے مثال یادگار ہے ؟
12. قدیم زمانے میں لوگوں کو ’نانو ذرّات‘ کے متعلق زیادہ واقفیت نہیں تھی۔ کیوں ؟

نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات **دو یا تین جملوں** میں لکھئے : 11 × 2 = 22

13. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس کب اور کس طرح منایا جاتا ہے ؟
14. راموکون تھا ؟ کس غرض سے وہ مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ گیا ؟
15. شعروشاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟
16. ’نانو‘ حالت میں آنے کے بعد ٹھوس شئے کے طبعی خواص میں کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں ؟

17. شاعر سید احمد شاکر نے گلی کوچوں میں صبح و شام کون سا منظر دیکھا ہے ؟

18. مولانا محمد علی جوہر کا سِول سروِیس امتحان میں ناکام ہونا کس لئے بہتر ثابت ہوا ؟

19. راموکی کس بات کو سُن کر اینگلو انڈین کلرک کی آنکھیں چمک اٹھیں اور کیوں ؟

20. اکبر الہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟ وہ کیوں خود اپنے نہ ہو سکے ؟

21. سلیمان خطیب کے متعلق کہا گیا کہ وہ ''کم سخن بھی ہیں، باتونی بھی۔'' اس جملے کی وضاحت کیجئے۔

22. حضور اکرمؐ جب حرمِ پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟

23. سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مُراد ہے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :

24. ''انہیں تو صرف تخلص بدلنا ہوتا ہے۔''

25. ''کل شیر شکاریوں کے غول میں گھِر جائے گا۔''

26. ''ارے بے وقوفو ! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

27. موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

28. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں
تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

29. ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں
وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں

درج ذیل سے کسی **ایک** کا تعارف لکھئے :

30. (i) مولانا الطاف حسین حالؔی (ii) مجتبیٰ حُسین

درج ذیل سے کسی **ایک** کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے :

31. (i) میر تقی میرؔ (ii) کرشن چندر

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 1 × 4 = 4

32. اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

**یا**

بوعلی سینا کے علم طبعیات، فنِ طب اور علمِ ریاضی پر کیا کیا احسانات رہے ؟

درج ذیل نظموں سے کسی **ایک** نظم کے ابتدائی چار اشعار لکھئے : 1 × 4 = 4

33. (i) مولانا الطاف حسین حالؔی کی 'حمد' ساری دنیا کے مالک

**یا**

(ii) مولانا ابوالبیان حمادؔ کی 'نعت' وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 15 × 1 = 15

34. لفظ 'عرش' کی ضد ہے۔

A) آسمان B) چھت

C) جنت D) فرش

35. اِن میں 'مذکر' لفظ ہے۔

A) مسکراہٹ B) رنج

C) چٹائی D) تصدیق

36. لفظ 'ایجاد' کی جمع ہے۔

A) احتجاج B) ایجاداں

C) ایجادات D) ایجاجات

37. عَلَم کے معنی 'جھنڈے' کے ہیں اور اَلَم کے معنی ہیں۔

A) غم B) دنیا

C) خوشی D) جاننا

38. 'سڑکیں ناپنا' ایک محاورہ ہے اس کے معنی ہیں۔

A) راستوں کی صفائی کرنا B) تیز دوڑنا

C) بے وجہ سڑکوں پر پھرنا D) منزل پالینا

39. ''رباعی'' میں مصرعوں کی کُل تعداد ہوتی ہے۔

A) تین B) چھ

C) پانچ D) چار

40. 'غزل' کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہوتا ہے، کہلاتا ہے۔

A) مطلع B) مقطع

C) بیت الغزل D) حُسنِ مطلع

41. 'مضمون' کے تین حصّے ہیں۔

A) تمہید، نفسِ مضمون، اختتام B) ماضی، حال، مستقبل

C) مکتوب، مکتوب نگار، مکتوب الیہ D) آسان، اوسط، مشکل

42. جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں۔

A) حروفِ ربط B) حروفِ عطف

C) حروفِ فجائیہ D) حروفِ تخصیص

43. چار 'حروفِ تخصیص' یہ ہیں۔

A) ہر، ہی، بھی، تو
B) اِن، اُن، یہاں، وہاں
C) یہ، وہ، اِس، اُس
D) کون، کب، کہاں، کیسے

44. اِن جملوں میں 'مفرد جملہ' ہے۔

A) ریحان کھیل رہا ہے اور مدثر پڑھ رہا ہے۔
B) لڑکی گا رہی ہے۔
C) خوب محنت کرو اور کامیاب ہو جاؤ۔
D) خوشی کی محفل تھی اور بچے غل مچا رہے تھے۔

45. اِن میں 'فن خاکہ نگاری' سے تعلق رکھنے والا سبق ہے۔

A) جہانِ علم وفن کا راہی : پروفیسر راہیؔ قریشی
B) جاپان چلو، جاپان چلو
C) خاکِ وطن اور خونِ شہیداں
D) دھوبی نے مگر مچھ کو کھالیا

46. اِن میں 'مرکب لفظ' ہے۔

A) سیّاح
B) وصال
C) کتب خانہ
D) وضع

47. 'سابقے' سے بنے لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

A) اردو دان
B) ہم محلّہ
C) دردمند
D) یادگار

48. کنُبے والوں، رشتہ داروں، دوستوں اور ملنے جلنے والوں کو لکھے جانے والے خطوط کہلاتے ہیں۔

A) دفتری خطوط
B) سرکاری خطوط
C) کاروباری خطوط
D) نجی خطوط

درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : $2 \times 2 = 4$

ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے :

49. (i) یادگار (ii) شکایت

50. مستقل کلمہ اور غیر مستقل کلمہ کی تعریف کیجئے۔

## PART-C/حصّہ - ج

درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

.51 (i Salma is a good girl

(ii She is studying in tenth standard

(iii She sings well

.52 اپنے میر معلم/معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں مناسب وجہ بتاتے ہوئے تین دن کی رخصت طلب کی گئی ہو۔ 1 × 4 = 4

**یا**

اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اپنی پڑھائی اور امتحان کا ذکر ہو۔

کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

.53 (i) ماحول کی اہمیت اور اس کی حفاظت

(ii) میرا پسندیدہ مشغلہ

(iii) ٹی-وی کے فائدے

درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

.54 سورج کو شمس بھی کہتے ہیں۔ سورج سے نکلنے والی روشنی اور گرمی کو شمسی توانائی کہا جاتا ہے۔ سورج سے ہمیں صرف روشنی اور گرمی نہیں بلکہ غذا بھی حاصل ہوتی ہے۔ دراصل پودے سورج کی روشنی میں شعاعی ترکیب کے ذریعہ غذا تیار کرتے ہیں۔ غذا توانائی کا ذریعہ ہوتی ہے۔ پودے اپنی تیار کردہ غذا کو پھلوں، پھولوں، بیجوں، تنوں، جڑوں اور پتّوں میں محفوظ رکھتے ہیں۔ انسان اور دیگر جانور پودوں کو کھا کر توانائی حاصل کرتے ہیں۔

سوالات :

(i) شمسی توانائی سے کیا مراد ہے ؟

(ii) پودے کس کے ذریعہ غذا تیار کرتے ہیں ؟

(iii) پودے غذا کو کہاں کہاں محفوظ رکھتے ہیں ؟

(iv) انسان اور دیگر جانور کس طرح توانائی حاصل کرتے ہیں ؟